03-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| مضمون: | مطالعہ تفسیر | کل وقت: | 30منٹ |
| کلاس: | ترجمۃ و تفسیر کورس (السنۃ الاولیٰ) | کل نمبر: | 20 |

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

نام طالبعلم: ____________________

---

## حصہ معروضی

**سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔**

1۔ تفسیر منہاج القرآن کے مفسر کا نام ہے:

(الف) معراج الاسلام (ب) ڈاکٹر محمد طاہر القادری (ج) مفتی محمد عرفان قادری (د) ڈاکٹر حسن محی الدین

2۔ قرآن مجید کی سب سے بڑی سورت ہے:

(الف) البقرہ (ب) آل عمران (ج) النساء (د) کہف

3۔ ابن العربی کے نزدیک سورۃ البقرۃ میں کل اوامر ہیں:

(الف) چار سو (ب) چھ سو (ج) آٹھ سو (د) ایک ہزار

4۔ سورۃ البقرۃ کی ابتداء میں اللہ تعالیٰ نے متقین کی صفات بیان کیں ہیں:

(الف) ۵ (ب) ۶ (ج) ۷ (د) ۸

5۔ آپ ﷺ نے صحابہ کرام کی تربیت اتنے مراحل میں طے کروائی:

(الف) 5 (ب) 6 (ج) 7 (د) 8

6۔ "غَيْبٌ" یہ صیغہ ہے:

(الف) ماضی کا (ب) مصدر کا (ج) مضارع کا (د) امر

7۔ مجموعی اعتبار سے کفر کی اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

8۔ "سَفِهَ" کا حقیقی معنی ہے:

(الف) خفت (ب) کمزوری (ج) ردی پن (د) تینوں

9۔ "بَقَرَةٌ" کا معنی ہے:

(الف) بکری (ب) گائے (ج) دنبہ (د) بھینس

10۔ اس سن ہجری کو تحویل قبلہ ہوا:

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

ورق الٹئے

11۔ "عُمْیٌ" کا معنی ہے:

(الف) اندھا (ب) گونگا (ج) بہرہ (د) لنگڑا

12۔ موت سے انعقاد قیامت تک کے زمانہ کو کہتے ہیں:

(الف) عالم ارواح (ب) عالم شہادت (ج) عالم برزخ (د) عالم آخرت

13۔ حیات اتنی چیزوں سے عبارت ہے:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

14۔ تخلیق کائنات کا مقصود ہے:

(الف) انسان (ب) جن (ج) فرشتے (د) تینوں

15۔ اللہ تعالیٰ نے آدمؑ کو اسماء (ناموں) کا علم دیا اس سے مراد ہے:

(الف) ملائکہ کے اسماء (ب) نسل بنی آدم کے اسماء (ج) اسماء الہیہ (د) تمام مخلوقات کے اسماء

16۔ امت محمدی ﷺ میں سجدہ تعظیمی ہے:

(الف) حرام (ب) کفر (ج) شرک (د) مکروہ

17۔ تعمیر کعبہ ان کے ہاتھوں ہوئی:

(الف) حضرت ابراہیمؑ (ب) حضرت اسماعیلؑ (ج) دونوں (د) حضرت موسیٰؑ

18۔ نبوت محمدی کے فرائض ہیں:

(الف) ۳ (ب) ۴ (ج) ۵ (د) ۶

19۔ شریعت میں اصلاً گواہی کا بوجھ ڈالا گیا ہے:

(الف) صرف عورت پر (ب) صرف مرد پر (ج) دونوں پر (د) دونوں پر نہیں

20۔ گائے کے ذبح کا واقعہ اس نبی کی امت میں پیش آیا:

(الف) حضرت موسیٰؑ (ب) حضرت عیسیٰؑ (ج) حضرت ابراہیمؑ (د) حضرت آدمؑ

03-02-2025

نظام المدارس پاکستان

سالانہ امتحان 2025ء

| | | | |
|---|---|---|---|
| مضمون: | مطالعہ تفسیر | کل وقت: | 2:30 گھنٹے |
| کلاس: | ترجمۃ و تفسیر کورس (السنۃ الاولیٰ) | کل نمبر: | 80 |

رول نمبر (ہندسوں میں): [ ] [ ] [ ] [ ] [ ] [ ] رول نمبر (لفظوں میں): ..............................

## حصہ انشائیہ

**سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20**

1۔ "سورۃ البقرۃ" کی وجہ تسمیہ تحریر کریں۔
2۔ تفسیر منہاج القرآن کے اسلوب پر دو لائنیں لکھیں۔
3۔ "الٓمٓ" کی معنوی وضاحت مختصراً تحریر کریں۔
4۔ اقامت صلوۃ سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔
5۔ منافقین کا دعویٰ ایمان کیوں قبول نہیں؟ مختصراً تحریر کریں۔
6۔ حیات برزخی پر ایک قرآنی آیت یا اس کا ترجمہ لکھیں۔
7۔ فرشتوں کی حقیقت کے بارے آپ کیا جانتے ہیں؟ دو لائنیں تحریر کریں۔
8۔ "سورۃ البقرۃ" کا زمانہ نزول کیا ہے؟ تحریر کریں۔
9۔ منافقین کی چند اقسام تحریر کریں۔
10۔ متقین کی کوئی سی تین صفات تحریر کریں۔
11۔ ایمان بالغیب سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔
12۔ رزق کا لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیں۔

**سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20**

1۔ ختم نبوت کے بارے ایک آیت یا اس کا ترجمہ لکھیں۔
2۔ کفر کا لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیں۔
3۔ "سورۃ البقرۃ" میں منافقین کی جو مثالیں بیان ہوئی ہیں۔ ایک تحریر کریں۔
4۔ فاسق سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔
5۔ تخلیق کائنات کا کیا مقصود ہے؟ وضاحت کریں۔
6۔ عرفاء کے نزدیک باری تعالیٰ کی نیابت و مظہریت کتنی اقسام پر مشتمل ہے؟ صرف نام لکھیں۔
7۔ سجدے کی شرعی نقطہ نظر سے کتنی اقسام ہیں؟ صرف نام لکھیں۔
8۔ امت محمدی ﷺ کی فضیلت پر ایک آیت یا اس کا ترجمہ لکھیں۔
9۔ تبرکات صالحین کی فضیلت پر مختصراً تحریر کریں۔
10۔ جملہ انبیاء و رسل پر حضور کی کلی فضیلت کے بارے میں آیت لکھیں۔
11۔ شفاعت مصطفی ﷺ پر ایک حدیث شریف لکھیں۔
12۔ "سورۃ البقرۃ" کی روشنی میں طلاق کے دو احکام تحریر کریں۔

## تفصیلی سوالات

**سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20**

i. عظمت و حقانیت قرآن اور صداقت رسالت محمدی ﷺ پر ایک جامع مضمون تفسیر منہاج القرآن کی روشنی میں تحریر کریں۔
ii. رزق و انفاق کا مفہوم اور مصطفوی انقلاب کی معاشیاتی بنیاد پر ایک مفصل نوٹ تفسیر منہاج القرآن کی روشنی میں تحریر کریں۔
iii. عبدیت محمدی ﷺ اور آپ ﷺ کے علو مرتبت پر ایک مفصل نوٹ تفسیر منہاج القرآن کی روشنی میں لکھیں۔

**سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20**

i. "مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ" کا مفہوم اور شان انبیاء و اولیاء کے امتیاز پر ایک مضمون تفسیر منہاج القرآن کی روشنی میں تحریر کریں؟
ii. واقعہ تحویل قبلہ اور آپ ﷺ کی شان محبوبیت پر ایک جامع نوٹ تفسیر منہاج القرآن کی روشنی میں تحریر کریں؟
iii. یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا۔۔ "کی روشنی میں ثابت کریں کہ آپ ﷺ کی شان اقدس میں معمولی سی لفظی گستاخی بھی کفر ہے۔